عینک فریبی

زبان میری ہے بات اُن کی

- نیویارک میں نماز جمعہ کا مخلوط اجتماع۔ خاتون نے امامت کرائی۔ (ایک خبر)
- امریکی و پرویزی روشن خیال اسلام کی ایک جھلک!
- قائدِ اعظم نے پاکستان کو کبھی اسلامی ملک قرار نہیں دیا۔ (اعتزاز احسن)
- تو اور ہندوستان کو اسلامی ملک قرار دیا تھا؟
- غریب آدمی سب سے بڑا دھوکے باز ہوتا ہے۔ (لاہور ہائی کورٹ)
- اور امیر آدمی......؟ فیصلہ محفوظ!
- وزیر اعظم اور شیخ رشید میرے مؤقف سے متفق ہیں۔ (اداکارہ میرا)
- شیخ اور شوکت دونوں نیک ہیں!
- ڈاکٹر قدیر نیٹ ورک کا مکمل خاتمہ کیا جائے۔ (کنڈولیزا رائس)
- بکرے کی جان گئی۔ کھانے والے کو مزہ نہ آیا
- پیپلز پارٹی کے رہنما سلمان تاثیر کا بیٹا آتش تاثیر برطانیہ کے شاہی خاندان کا داماد بنے گا۔ سلمان کی اہلیہ تلوین سنگھ شادی پر خوش نہیں۔ (ایک خبر)
- آپ مسلمان، دادا مسلمان، باپ مسلمان، ماں سکھنی، ہونے والی بیوی عیسائی (ملٹی نیشنل کمپنی)

بھان متی نے کنبہ جوڑا انگریزی اینٹ لاہوری روڑا

- ملک اور جمہوریت بچانے کے لیے مشرف سے مذاکرات کرنا ڈیل نہیں۔ (زرداری)
- گڑ کھانا گلگلوں سے پرہیز!
- ملتان، مظفر آباد: شراب کی بھٹی پکڑی گئی۔ (ایک خبر)
- اور ملزم چھوڑ دیئے گئے۔
- جلد خلا میں انسان بھیجنے اور چاند پر پہنچنے کے قابل ہو جائیں گے۔ (صدر مشرف)
- ملک میں امن قائم کر لیا ہے۔ اب چاند پر دہشت گردوں کو پکڑوائیں گے۔
- الیکشن ۲۰۰۷ء، رولا ڈالا گیا تو ۲۰۰۸ء میں ہوں گے۔ (شجاعت)
- اور نتائج ۲۰۰۵ء میں مرتب ہوں گے۔
- عوام مولویوں کو مسترد کر چکے۔ (قاسم نون)

نکاح، جنازہ پڑھواؤ گے کس سے؟ ”شرم تم کو مگر نہیں آتی“